ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 13فروری 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ساؤتھ کے علاقے میں سرکاری گاڑی چھیننے کے واقعہ پر ایس ایس پی ساؤتھ اور ایس ایس پی اے سی ایل سی سے گاڑی کی برآمدگی اور ملوث ملزمان کی گرفتاری کے حوالے سے علیحدہ علیحدہ انکوائری اور جملہ پولیس اقدامات پر مشتمل رپورٹس طلب کرلی ہیں۔

کراچی 13فروری 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے نوڈیرو لاڑکانہ میں فائرنگ سے تین افراد کے قتل اور ایک کے زخمی ہونیکے حوالے سے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی لاڑکانہ سے تفصیلی انکوائری رپورٹ فوری طور پر طلب کرلی ہے۔

_:_:_:_:_:_:_:_

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

شہید کانسٹیبل محمد فاروق کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔

آئی جی سندھ سمیت دیگر سینئر پولیس افسران کی شرکت۔

کراچی 13فروری 2019ء:۔

تھانہ پاک کالونی کی حدود گھاس والی گلی پرانا گولیمار میں پولیس مقابلے کے دوران نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے شہید کانسٹیبل محمد فاروق کی نماز جنازہ پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ میں ادا کردی گئی۔نماز جنازہ میں آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام،ایڈیشنل آئی جی کراچی ڈاکٹر امیر شیخ،کے علاوہ زونل ڈی ڈی آئی جیز،ڈی آئی جی ٹریفک کراچی،ضلعی ایس ایس پیز کراچی ودیگر پولیس افسران،اور جوانوں سمیت شہید کے اہل خانہ دوست احباب اور اہلیان علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے جنازے میں شریک شہید اہلکار کے اہل خانہ سے دکھ،افسوس،تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید اہلکار کے قاتلوں کوجلد قانون کی گرفت میں لائیں گے۔انہوں نے محکمہ پولیس کے لیئے شہید اہلکار کی خدمات کوبھی خراج عقیدت پیش کیا۔

انہوں نے کہا کہ جرائم کیخلاف پولیس کا جاری آپریشن میں نا صرف مزید تیزی لائی جائے بلکہ انتہائی متحرک اور مستعد اقدامات کی بدولت انٹیلی جنس بیسڈ کاروائیوں کوبھی انتہائی مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ جرائم کیخلاف سندھ پولیس انتہائی منظم اور پرعزم ہے اور ایسے گھناؤنے ہتھکنڈوں سے پولیس کے حوصلوں کو پست نہیں کیا جاسکتا۔

اس موقع پر انہوں نے شہید کانسٹیبل کے ورثاء کے لیئے تمام مروجہ مراعات کا اعلان کیا اور موقع پر موجود پولیس افسران کو جملہ ضروری قانونی ومحکمانہ اقدامات کوجلد از جلد مکمل کرنے کے بھی احکامات دیئے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔